معارف القرآن

تالیف

حضرت مولانا محمد مالک کاندھلوی

شیخ التفسیر والحدیث حضرت مولانا الحافظ محمد ادریس صاحب کاندھلوی

رحمۃ اللہ علیہ رحمۃ واسعۃ شیخ الحدیث جامعہ اشرفیہ لاہور

جلد پنجم مشتمل بر تفسیر پارہ ۱۶ ۱۷ ۱۸ ۱۹

بہ ترجمہ حقیقت آگاہ معارف پناہ عارف باللہ حضرت شاہ عبدالقادر بن شاہ ولی اللہ دہلوی قدس اللہ سرہما

شائع کردہ

مکتبۃ المعارف

دار العلوم الحسینیہ شہداد پور

سندھ، پاکستان

باجازت: مکتبہ عثمانیہ بیت الحمد ۳۵۳ مہران بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی اِنَّ عَلَیْنَا جَمْعَہٗ وَقُرْاٰنَہٗ فَاِذَا قَرَاْنٰہُ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَہٗ ثُمَّ اِنَّ عَلَیْنَا بَیَانَہٗ

الحمد للہ وللہ المنۃ کہ دریں زمان میمنت اقتران تفسیر سراپا تنویر گنجینۂ حقائق و معارف و
خزینۂ اسرار و لطائف کشاف مشکلات قرآنیہ و وصاف مخدرات فرقانیہ

مسمّٰی بہ

معارفِ القرآن

تالیف

شیخ التفسیر والحدیث حضرت مولانا الحافظ محمد ادریس صاحب کاندھلوی

رحمۃ اللہ علیہ رحمۃ واسعۃ شیخ الحدیث جامعہ اشرفیہ لاہور

جلد پنجم مشتمل بر تفسیر پارہ (۱۶) (۱۷) (۱۸) (۱۹)

بہ ترجمہ حقیقت آگاہ معارف پناہ عارف باللہ حضرت شاہ عبدالقادر بن شاہ ولی اللہ دہلوی قدس اللہ اسرارہما

شائع کردہ

مکتبۃ المعارف

دار العلوم الحسینیہ شہداد پور

سندھ، پاکستان

باجازت: مکتبہ عثمانیہ بیت الحمد ۳۵۳ مہران بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور

نام کتاب :- معارف القرآن جلد ۵
نام مصنف :- حضرت مولانا محمد ادریس کاندھلوی رحمۃ اللہ علیہ
مکمل سیٹ :- ۸ جلد
صفحات جلد ۵ :- ۶۱۲
کتابت متن قرآن کریم : خطاط القرآن حضرت سید محمد اشرف علی الحسینی سیالکوٹی رحمۃ اللہ علیہ
کتابت سرورق :- سید انیس الحسن ابن سید الخطاطین سید نفیس الحسینی دامت برکاتہم العالیہ لاہور
کتابت ترجمہ و تفسیر :- سید عصمت اللہ، سید جعفر حسین، سید ضیاء اللہ گوجرانوالہ
تعداد طبع اول :- سنہ ۱۴۱۹ھ ۱۱۰۰ (گیارہ سو)
تعداد طبع دوم :- سنہ ۱۴۲۲ھ
پریس : القادر پرنٹنگ پریس کراچی
ناشر :- مکتبہ المعارف دارالعلوم حسینیہ شہداد پور سندھ پاکستان
فون ۴۲۲۷۶ - ۴۱۳۷۶ (۰۲۲۳۲)

ملنے کے پتے

کراچی :- صدیقی ٹرسٹ، صدیقی ہاؤس، المنظر اپارٹمنٹس ۴۵۸ گارڈن ایسٹ
نزد لسبیلہ چوک کراچی - پوسٹ کوڈ نمبر ۷۴۸۰۰
لاہور :- مکتبہ عثمانیہ بیت الحمد ۳۵۳ مہران بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور
شہداد پور :- مکتبہ المعارف دارالعلوم حسینیہ شہداد پور ضلع سانگھڑ سندھ پاکستان پوسٹ کوڈ ۶۸۰۳۰

اہم نوٹ

ہم نے اس کتاب کی تصحیح میں حتی الوسع کوشش کی ہے پھر بھی ممکن ہے کوئی غلطی رہ گئی ہو۔ لہٰذا تمام قارئین سے التماس ہے کہ اگر کہیں غلطی پاویں تو براہِ راست ہمیں اطلاع دیں تاکہ آئندہ اشاعت میں اسے درست کیا جا سکے، اللہ تعالیٰ اس کا اجر آپ کو عطا فرمائیں گے ۔

خط و کتابت کیلئے :- مکتبہ المعارف دارالعلوم حسینیہ شہداد پور پوسٹ کوڈ ۶۸۰۳۰

إِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۚ أَفَتَأْتُونَ السِّحْرَ وَأَنتُمْ
ہے؟ ایک آدمی ہے تم ہی سا، پھر کیوں پڑتے ہو جادو میں آنکھوں
تُبْصِرُونَ ③ قٰلَ رَبِّي يَعْلَمُ الْقَوْلَ فِي السَّمَاءِ
دیکھتے۔؟ اس نے کہا میرے رب کو خبر ہے بات کی، آسمان میں ہو
وَالْأَرْضِ ۚ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ④ بَلْ قَالُوا
یا زمین میں اور وہ ہے سنتا جانتا۔ یہ چھوڑ کر کہتے ہیں
أَضْغَاثُ أَحْلَامٍ بَلِ افْتَرَاهُ بَلْ هُوَ شَاعِرٌ ۚ
اڑتے خواب ہیں - نہیں، جھوٹ باندھ لیا ہے - نہیں، شعر کہتا ہے
فَلْيَأْتِنَا بِآيَةٍ كَمَا أُرْسِلَ الْأَوَّلُونَ ⑤ مَا آمَنَتْ
پھر چاہیئے لے آوے ہم پاس کوئی نشانی جیسے پیغام لائے ہیں پہلے۔ نہیں مانا ان
قَبْلَهُم مِّن قَرْيَةٍ أَهْلَكْنَاهَا ۚ أَفَهُمْ يُؤْمِنُونَ ⑥
سے پہلے کسی بستی نے جو کھپائی ہم نے اب کوئی یہ مانیں گے۔؟
وَمَا أَرْسَلْنَا قَبْلَكَ إِلَّا رِجَالًا نُّوحِي إِلَيْهِمْ
اور پیغام نہیں بھیجا ہم نے تجھ سے پہلے، مگر یہی مردوں کے ہاتھ کہ حکم بھیجتے تھے ہم ان
فَاسْأَلُوا أَهْلَ الذِّكْرِ إِن كُنتُمْ لَا تَعْلَمُونَ ⑦ وَ
کو سو پوچھو یاد رکھنے والوں سے، اگر تم نہیں جانتے۔ اور
مَا جَعَلْنَاهُمْ جَسَدًا لَّا يَأْكُلُونَ الطَّعَامَ وَمَا
ایسے بدن نہ بنائے تھے وہ کہ کھانا نہ کھاویں اور نہ تھے
كَانُوا خَالِدِينَ ⑧ ثُمَّ صَدَقْنَاهُمُ الْوَعْدَ فَأَنجَيْنَاهُمْ
وہ رہ جانے والے۔ پھر سچ کیا ہم نے ان سے وعدہ پھر بچا دیا انکو

تھے کبھی آپؐ کو ساحر کہتے اور کبھی شاعر کہتے اور کبھی مفتری بتلاتے اور کبھی قرآن کو خواب وخیال بتلاتے کما قال تعالیٰ اُنْظُرْ كَيْفَ ضَرَبُوْا لَكَ الْاَمْثَالَ فَضَلُّوْا فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَبِيْلًا۔ غرض یہ کہ کفار کی یہ رنگ برنگ کی باتیں یا تو اس بات کی دلیل ہیں کہ یہ سب حیرت زدہ ہیں اور حقیقت سے بے خبر ہیں یا اس بات کی دلیل ہیں کہ حق تعالیٰ کو پہچان چکے ہیں مگر سینہ زوری سے اسکو دفعہ کرنا چاہتے ہیں اس لیے اِدھر اُدھر کی واہی تباہی کر کے حق کو رلانا اور چھپانا چاہتے ہیں پھر اخیر میں یوں کہنے لگے کہ اچھا اگر ایسا نہیں جیسا کہ ہم کہتے ہیں بلکہ اللہ کے پاس سے رسول ہو کر آیا ہے تو اس شخص کو چاہیئے کہ ہمارے پاس اپنی نبوت اور رسالت کی کوئی ایسی نشانی لے آئے جیسی نشانیوں کے ساتھ پہلے رسول بھیجے گئے تھے، جیسے حضرت صالح علیہ السلام اونٹنی لائے اور حضرت موسیٰ علیہ السلام عصا اور ید بیضا لائے اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام مردوں کو زندہ کرتے تھے لہذا اگر آپؐ بھی اس قسم کے معجزات ظاہر کر دیں گے تو ہم آپؐ کو رسول مان لیں گے اور آپؐ پر ایمان لے آئیں گے مشرکین عرب کا یہ سوال تعنت اور عناد پر مبنی تھا اور ان کی یہ درخواست اس لیے نہیں تھی کہ حسب فرمائش انکو نشانی دکھلا دی جائے تو وہ ایمان لے آئیں گے کیونکہ اللہ پاک حضور پر نورؐ کو اس قدر نشانات دے چکا تھا کہ وہ انکی ہدایت کے لیے کافی اور وافی تھے۔ انکار کے لیے نئے نئے بہانے نکالتے رہتے تھے یہ ضروری نہیں کہ سارے پیغمبروں کے نشانات ایک ہی قسم کے ہوں۔ اب آگے اللہ تعالیٰ ان کی ان باتوں کا جواب دیتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ ان کفار قریش سے پہلے کوئی بستی والے اس قسم کے فرمائشی معجزات کو دیکھ کر ایمان نہیں لائے اور اس پر ایمان نہ لانے کی وجہ سے ہم نے انکو ہلاک کیا کہ منہ مانگے معجزات کو دیکھ کر بھی ایمان نہیں لائے تو کیا مکہ کے یہ ہٹ دھرم ان معجزات کو دیکھ کر ایمان لے آئیں گے حالانکہ ان کا شبہ تو پھر بھی باقی رہے گا کہ بشر کا رسول ہونا محال ہے اگرچہ وہ کیسی نشانی نہ دکھلا دے یعنی یہ لوگ ضدی اور عنادی ہیں، ان کو خواہ کتنی ہی نشانیاں دکھلا دی جائیں یہ ہرگز ایمان نہیں لائیں گے پس ان کو نشانیاں دکھلانا بے فائدہ ہے اب آگے ان کے اس خیال کو باطل فرماتے ہیں کہ بشر رسول نہیں ہو سکتا۔ چنانچہ فرماتے ہیں اور ہم نے آپؐ سے پہلے کسی کو پیغمبر بنا کر نہیں بھیجا مگر جنس بشر سے مردوں کو نبی بنا کر بھیجا جن کی طرف ہم وحی نازل کرتے تھے، کبھی بھی فرشتہ کو رسول بنا کر اور نہ کسی عورت کو نبی بنا کر بھیجا، نبی ہمیشہ مرد ہوئے۔ پس اگر تم نہیں جانتے اور تم کو اس بارہ میں شک ہے تو سابق علماء توریت وانجیل سے دریافت کر لو۔ جن میں ہمیشہ نبی ہوتے رہے وہ خوب جانتے ہیں کہ اللہ نے کبھی کسی فرشتہ کو نبی بنا کر نہیں بھیجا جب بھیجا تو بشر ہی کو بھیجا معلوم ہوا کہ بشریت نبوت کے منافی نہیں بلکہ اللہ کی نعمت ہے کہ تمہاری جنس میں سے رسول بھیجے تاکہ ہم جنس ہونے کی وجہ سے افادہ اور استفادہ میں سہولت ہو۔ ع

بوئے جنسیت کند جذب صفات

مطلب یہ ہے کہ اے اہل مکہ مسلمانوں کی بات پر تو تم کو بھروسہ نہیں تو تم کو چاہیئے کہ علماء اہل کتاب کی طرف رجوع کرو وہ نہ تو اس سے جاہل ہیں اور نہ اسکے منکر ہیں وہ رسولوں کے احوال سے واقف ہیں وہ تم کو